Serial No.of Answar book

.................................

**MRD-E/XI (A)**

# معاشیات پارٹ-II

Roll No.

.................................

Fic. No. ..................

---

Fic. No. ..................

# معاشیات پارٹ-II

وقت: 20 منٹ **سیکشن الف (معروضی)** کل نمبر:20

**نوٹ۔ اس حصّے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جواب پر نمبر نہیں ملے گا۔**

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) قومی آمدنی کے مسائل کا تعلق کس معاشیات سے ہے؟ (الف) جزوی (ب) استقرائی (ج) کلی (د) استخراجی

(ii) ذیل میں کوئی ایک زر کے فرائض میں شامل نہیں۔ (الف) آلہ مبادلہ (ب) مشترکہ پیمانہ قدر (ج) انتقال پزیری (د) شرح سود کا تعین

(iii) مرکزی بنک قیمتوں میں استحکام لانے کیلئے جو پالیسی اختیار کرتا ہے اُسے ---------- کہتے ہیں۔
(الف) قیمتی پالیسی (ب) مالیاتی پالیسی (ج) زری پالیسی (د) حکومتی پالیسی

(iv) ٹیکس عائد کرنے کے لیے پہلے چار اصول کس نے پیش کیے۔ (الف) ریکارڈو (ب) مارشل (ج) آدم سمتھ (د) کینز

(v) اشیاءو خدمات کی جغرافیائی نقل و حمل ---کہلاتی ہے۔ (الف) بین الاقوامی تجارت (ب) ملکی تجارت (ج) علاقائی تجارت (د) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) معاشی ترقی سے مراد ہے۔ (الف) قومی آمدنی میں اضافہ (ب) زرعی آمدنی میں اضافہ (ج) روزگار میں اضافہ (د) حقیقی قومی آمدنی میں اضافہ

(vii) کس کو نوٹ جاری کرنے کا اختیار حاصل ہے؟ (الف) تجارتی بینک (ب) نیشنل بینک (ج) مرکزی بینک (د) الف اور ب

(viii) کونسا بینک ملک کے بازار زر کا ناظم ہوتا ہے؟ (الف) مرکزی بینک (ب) تجارتی بینک (ج) نیشنل بینک (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ix) کون سا ٹیکس دوسروں کو منتقل کیا جا سکتا ہے؟ (الف) براہ راست ٹیکس (ب) پراپرٹی ٹیکس (ج) انکم ٹیکس (د) بالواسطہ ٹیکس

(x) ترقی یافتہ ممالک ترقی پذیر ممالک کو برآمد کرتا ہے۔ (الف) خام مال (ب) نیم تیار شدہ اشیاء (ج) اشیاء خوراک (د) تیار شدہ اشیاء و مصنوعات

(xi) درج ذیل میں سے کس اُصول کے تحت ہر شخص اپنی مالی حیثیت کے مطابق ٹیکس ادا کرتا ہے؟
(الف) اصول مساوات (ب) اصول سادگی (ج) اصول لچکداری (د) اصول تیقن

(xii) پاکستان میں وفاقی بجٹ پارلیمنٹ میں پیش کرتا ہے۔ (الف) صدر مملکت (ب) وزیر خزانہ (ج) وزیر اعظم (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xiii) کُلی برتری کا نظریہ تجارت کس نے پیش کیا؟ (الف) مارشل (ب) آدم سمتھ (ج) کینز (د) ڈیوڈ ریکارڈو

(xiv) جی۔ڈی۔پی ----کا مخفف ہے۔ (الف) خام قومی پیداوار (ب) خام داخلی پیداوار (ج) خالص قومی پیداوار (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xv) بارٹر سسٹم سے مراد ہے۔ (الف) زر کے بدلے اشیاء خریدنا (ب) اشیاء کے بدلے اشیاء خریدنا (ج) منڈی سے مال خریدنا (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xvi) پاکستان میں بے روزگاری کی وجوہات:_____ (الف) قدرتی ذرائع کی قلت (ب) آبادی میں اضافہ (ج) سرمایے کی قلت (د) یہ سب

(xvii) پاکستان میں تجارتی بینک سال ----میں قومیائے گئے۔ (الف) 1972 (ب) 1974 (ج) 1976 (د) 1952

Result.PK

# معاشیات پارٹ-II

## سیکشن ''ب'' (50)

**سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے دس(10)اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ہر جز کے پانچ نمبر ہیں۔**

i۔ قومی آمدنی کی تعریف کریں؟
ii۔ زر کی طلب سے کیا مراد ہے؟
iii۔ زری پالیسی سے کیا مراد ہے؟
iv۔ ٹیکسوں کی مختلف اقسام کے نام لکھیں۔
v۔ خسارے کی پالیسی سے کیا مراد ہے؟
vi۔ بین الاقوامی تجارت سے کیا مراد ہے؟
vii۔ پاکستان میں زراعت کی اہمیت پر چار سطریں لکھیں۔
viii۔ پاکستان میں معیار زندگی پست ہونے کی چار وجوہات لکھیں
ix۔ پاکستان میں صنعتی سیکٹر کے چار مسائل بیان کریں۔
x۔ بے روزگاری سے کیا مراد ہے؟
xi۔ مرکزی بینک کی تعریف کریں۔
xii۔ افراط زر اور تفریط زر میں فرق واضح کیجئے۔
xiii۔ توازن ادائیگی سے کیا مراد ہے؟

## سیکشن ''ج'' (30)

**نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔**

سوال نمبر3۔ زر سے کیا مراد ہے اور زر کے فرائض بیان کیجئے۔

سوال نمبر4۔ مرکزی بینک کے فرائض تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5۔ ٹیکس عائد کرنے کے اُصول بیان کیجئے۔

سوال نمبر6۔ مندرجہ ذیل کی وضاحت کیجیے۔

(i) خام قومی آمدنی (ii) خالص قومی آمدنی (iii) قومی آمدنی (iv) شخصی آمدنی

وقت:2 گھنٹے 40 منٹ

Result.pk

Result.PK